http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کا 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 23 | 25 شوال المکرم 1446ھ | منگل 14 اپریل 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 324

وزیراعظم شہباز شریف جلد سعودی عرب کے دورے پر روانہ ہوں گے

ایران اور امریکا کے اٹکے ہوئے معاملے کا حل کروانے کی کوششیں کر رہے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد امن بات چیت تاریخی واقعہ بہم اس کے ذریعے مستقل جنگ بندی، ثالثی اور میزبانی کا ایسے وقت میں موقع ملا جب پوری دنیا کی معیشت چکو لے کھا رہی ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (ویبورپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ تاریخ گواہ ہے جنگ کرنے اور امن قائم کرنے میں کئی سال لگتے ہیں، پاکستان اللہ کی رضا اور انسانی جانوں کو بچانے کیلیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ کابینہ اجلاس میں اراکین کو مخاطب کا دشوں پر بریفنگ دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان گفتگو کے بعد جنگ کے بادل ختم ہوئے اور پاکستان کو موقع ملا جنگ کو مستقل امن میں بدل دے، آج کئی دنوں فریقین کے درمیان جنگ بندی قائم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

یہودی ہنود گٹھ جوڑ پر مودی سرکار شدید تنقید کی زد میں

نئی دہلی (نیٹرنگ ڈیک) امریکی تریدے دی جینٹل انٹرسٹ کے مطابق ایران اسرائیل جنگ پر خاموشی اختیار کرنے کی وجہ سے مودی سرکار کو ملک کے اندر شدید تنقید کا سامنا ہے۔ پاکستان اسرائیل کے ساتھ تنا کے باوجود اس بحران میں ایک کلیدی فریق کے طور پر کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں کے نتیجے میں ایک بڑے پیمانے پر بھڑکنے والی جنگ کا خطرہ ٹل گیا۔ پاکستان کے اس طرز عمل کردار پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

بنوں، سڑک کنارے نصب دیسی ساختہ بم ناکارہ بنا دیا گیا

ڈی آئی خان (نیٹرنگ ڈیک) بنوں کی تحصیل کی میں سڑک کنارے نصب کیا گیا تقریباً 12 سے 15 کلو وزنی دیسی ساختہ بم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

ایران امریکا مذاکرات: فیلڈ مارشل کا کردار تاریخ ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھے گی، فیلڈ مارشل اور ان کی ٹیم راتوں کو جاگے، پوری رات کام کرتے رہے، شہباز شریف

پاکستانی عوام کا فیلڈ مارشل عاصم منیر کی امن کوششوں کو خراج تحسین

سیاسی و عسکری قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار

پاکستان نے عالمی کشیدگی کم کرنے، خاص طور پر ایران اور امریکا کے درمیان امن کے قیام میں اہم کردار ادا کیا ہے، جسے دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے، پاکستان کی حکمت عملی نے ممکنہ بڑے تصادم کو روکنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، شہریوں کا اظہار خیال

اسلام آباد (ویبورپورٹ) پاکستانی عوام نے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ شہریوں نے سیاسی و عسکری قیادت کی بروقت اور دوراندیش حکمت عملی پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ لاہور، کراچی، راولپنڈی، کوئٹہ اور آزاد کشمیر کے شہریوں کا کہنا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے عالمی کشیدگی کو کم کرنے، خاص طور پر ایران اور امریکا کے درمیان امن کے قیام میں اہم کردار ادا کیا ہے، جسے دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ پاکستان کی حکمت عملی نے ممکنہ بڑے تصادم کو روکنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، جسے دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے۔

اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے چینی سفیر ونفو کے سربراہ ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا نے ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی شروع کر دی

اسرائیل کا قومی کیم ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی کیم فیصلے کی مکمل حمایت کا اعلان | ترجمہ ایران کے خلاف محدود تضاص کا روائیوں پر فوری تیز رفتے ہیں امریکی عہدیدار | واشنگٹن کی ایران کی ناکہ بندی کا اعلان، چین کا ردعمل سامنے آگیا | ٹرمپ کا 158 جہاز تباہ کرنے کا دعویٰ

کسی بھی ملک کے جہازوں کو ایرانی بندرگاہ یا ساحلی علاقوں تک جانے نہیں دیا جائے گا تاہم آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ان جہازوں کو نہیں روکا جائے گا جو ایرانی بندرگاہوں کے بجائے دیگر ممالک کی جانب جا رہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

واشنگٹن، تہران ٹرمپ ایب (نیٹرنگ ڈیک) امریکا نے ایران کے خلاف بڑا اقدام کرتے ہوئے ایرانی بندرگاہوں پر آنے اور وہاں سے جانے والی تمام بحری آمد و رفت کی ناکہ بندی کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ نے بیان میں کہا ہے کہ ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی شروع کر دی گئی۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ کسی بھی ملک کے جہازوں کو ایرانی بندرگاہ یا ساحلی علاقوں تک جانے نہیں دیا جائے گا تاہم آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ان جہازوں کو نہیں روکا جائے گا جو ایرانی بندرگاہوں کے بجائے دیگر ممالک کی جانب جا رہے ہوں انھوں نے 158 ایرانی بحری جہاز مکمل طور پر تباہ کر دیے ہیں، امریکی صدر اور سینٹرل کمانڈر کے بیانات

اسلام آباد میں چینی سفیر کی ملاقات کے بعد اسحاق ڈار کی صورتحال پر گفتگو

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے افسران کی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور لگن کو خراج تحسین پیش کیا

پاکستان مکالمے اور سفارت کاری کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، اسحاق ڈار

اسلام آباد (ویبورپورٹ) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے چینی سفیر نے ملاقات کی جس میں اسلام آباد خارجہ اسحاق ڈار سے بیجنگ کے پاکستان میں سفیر جیانگ زی ووگ نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6) مذاکرات کے بعد کی صورتحال پر بات کی گئی۔ اکیسر پریس بیورو کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر

پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بی مائنس پر برقرار، مالیاتی نظم و ضبط تسلی بخش قرار

Fitch Ratings

اسلام آباد (ویبورپورٹ) عالمی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کے مالیاتی نظم و ضبط اور جمہوری معاشی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دے دیا۔ تخصیصات کے مطابق فچ نے پاکستان کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

فلسطین کے حق میں احتجاج، لندن پولیس نے 500 سے زائد مظاہرین کو گرفتار کر لیا

لندن (نیٹرنگ ڈیک) برطانیہ کے دارالحکومت لندن میں فلسطین کے حق میں ہونے والے بڑے احتجاج کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

آبنائے ہرمز کھولنے کیلیے دوست ممالک پر مشتمل عالمی دفاعی مشن کا قیام ضروری ہو گیا، فرانس

پیرس (نیٹرنگ ڈیک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے بندرگاہوں اور بحری راستوں کی ناکہ بندی کا فیصلہ کیا ہے جس کا آغاز آج سے ہو جائے گا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون نے کہا ہے کہ فرانس اور برطانیہ آئندہ دنوں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

ایران کا افزودہ یورینیم اپنے پاس محفوظ رکھنے کو تیار ہیں، روس کی پیشکش

ماسکو (نیٹرنگ ڈیک) اسرائیل اور امریکا نے ایران کے جوہری ہتھیاروں کو عالمی امن کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے اسے جواز کے طور پر استعمال کر رہا ہے، اس سے قبل

سیکیورٹی اداروں کی کارروائی بھارتی ایجنسی کیلیے جاسوسی کرنیوالے 3 افراد گرفتار

RAW

بھارت معصوم شہریوں کو قرم کے بھانسے اور ٹی ٹریپ جیسی سرگرمیوں کے ذریعے اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کر رہا ہے، اس سے قبل بھی بھارت کے حاضر سروس افسران کی جانب سے پاکستان میں جاسوسی اور حساس معلومات تک رسائی کے شواہد منظر عام پر آچکے ہیں، دفاعی ماہرین

اسلام آباد (ویبورپورٹ) پاکستان کے سیکیورٹی اداروں نے مو کارروائی کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں جاسوسی کرنے والے 3 افراد کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کے سیکیورٹی ادارے اندرونی و بیرونی خطرات سے نبرد آزما ہوئے کے لیے دن رات مصروف عمل ہیں اور اسی سلسلے میں یہ اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ کارروائی سے متعلق ذرائع نے بتایا کہ گرفتار افراد کا تعلق نارووال، بہاولپور اور ضلع نیلم آزاد کشمیر سے ہے، جو بھارتی خفیہ ایجنسی را کے لیے جاسوسی میں ملوث تھے۔

ایرانی بندرگاہوں کو خطرہ لاحق ہوا تو خطے کی کوئی بھی بندرگاہ محفوظ نہیں رہے گی، پاسداران انقلاب

تہران (نیٹرنگ ڈیک) ایران کے فوجی ترجمان نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایرانی بندرگاہوں کو کسی بھی قسم کا خطرہ لاحق ہوا تو خطے کی کوئی بھی بندرگاہ محفوظ نہیں رہے گی، جس سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھنے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ ایرانی افواج کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ کسی بندرگاہ میں یا توسب کے لیے محفوظ ہوں گی یا کسی کے لیے نہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

پی ایس ایل 11، پشاور زلمی کے خلاف ملتان سلطانز کی بہترین فتح

کراچی (اسپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ میں پشاور زلمی کا ناقابل شکست رہنے کا سلسلہ جاری ہے جہاں زلمی نے ایونٹ کی ڈیوٹیٹ ملتان سلطانز کو 24 رنز سے شکست دے دی۔ کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اس میچ میں ملتان سلطانز نے ٹاس جیت کر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

افغانستان میں سنسر شپ نے آزاد صحافت کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا

کابل (نیٹرنگ ڈیک) افغانستان میڈیا سپورٹ آرگنائزیشن (اے ایم ایس او) نے افغان طالبان کی زیر حراست صحافیوں شعیب احمد نظری، بشیر حاطف، حمید فرہادی اور دیگر کی حالت زار پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ صحافتی تنظیم ایم ایس او کی جانب سے جاری کردہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)



پیکا قانون کی کہانی

صحافیوں اور شہریوں کیلیے کتنا خطرناک بن چکا ہے؟

پیکا قانون صحافیوں اور شہریوں کے لیے کتنا خطرناک بن چکا ہے، اس حوالے سے تازہ رپورٹ سامنے آئی ہے۔ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ 2016 میں منظور کیا جانے والا الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کا قانون) پیکا (انٹرنیٹ کو محفوظ بنانے کے وعدے کے ساتھ نافذ کیا گیا تھا، تاہم ایک دہائی بعد یہ قانون مختلف حکومتوں کے ادوار میں تبدیل ہو کر ایک کثیر جہتی ڈیجیٹل کنٹرول کے نظام کی شکل اختیار کر چکا ہے۔

کمیشن کے مطابق 2017 میں مقامی صحافیوں کی ابتدائی گرفتاریوں سے اس قانون کے نفاذ کا آغاز ہوا، مگر وقت کے ساتھ اس کا دائرہ کار بدلتا گیا اور 2023 میں ڈیجیٹل دہشت گردی جیسے الزامات سامنے آئے، جن کے تحت ہدف جرائم پیشہ عناصر کے بجائے صحافیوں، وی لاگرز اور عام شہریوں کو بنایا گیا۔ ایچ آر سی پی کے مطابق 2026 تک آتے آتے یہ محض ایک قانون نہیں رہا بلکہ ایک مستقل ضابطہ جاتی فریم ورک بن چکا ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے کے سائبر کرائم ونگ کی جگہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے لے لی ہے، جبکہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے لیے قواعد و ضوابط کے نفاذ کے نئے نظام بھی متحرک ہو چکے ہیں، جس سے ڈیجیٹل منظر نامہ بنیادی طور پر تبدیل ہو گیا ہے۔

ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے مطابق اہم سنگ میل کے طور پر 2016 میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے پیکا قانون منظور کیا اور ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ نے اس پر عملدرآمد شروع کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ 2022 میں پبلک فگر آرڈیننس کے ذریعے اختلاف رائے کو ناقابل ضمانت جرم بنانے کی کوشش کی گئی۔ مزید کہا گیا کہ 2024 میں ایک بڑے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کو تقریباً 10 ماہ تک بند رکھا گیا جبکہ اسی سال نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کا قیام عمل میں آیا۔ کمیشن کے مطابق 2025 اور 2026 کے دوران سیکشن 26 اے کے تحت جعلی خبروں کو جرم قرار دیا گیا، جبکہ متعدد صحافیوں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اس عرصے میں حکومتیں اور اہداف تبدیل ہوتے رہے، تاہم قانون کا دائرہ اختیار مسلسل وسیع ہوتا گیا۔

بحیرہ عرب میں مشترکہ بحری آپریشن کامیاب، 20 کروڑ روپے مالیت کی غیرقانونی شراب برآمد

کراچی (رپورٹ حزہ منصور) پاک بحری پاکستان میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی، جوائنٹ میری ٹائم سکیورٹی آپریشن کو آرڈینیشن سینٹر اور انسداد منشیات فورس سندھ کے باہمی تعاون (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

پوری دنیا سے پولیو وائرس ختم ہوچکا صرف پاکستان افغانستان میں موجود ہے

مراد علی شاہ

50 سال سے جو قومیں آپس میں بات نہیں کرتی تھیں انہیں اسلام آباد لانا انجیر سے کم نہیں اور سفارت کاری ایک پہیہ نہیں ہے، اس حوالے سے بلاول بھٹو بھی پوری طرح انگیج تھے، قومی شناختی کارڈ بلاک کرنے کیخلاف عدالتی حکم موجود ہے، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ پوری دنیا سے پولیو وائرس ختم ہو چکا، صرف پاکستان اور افغانستان میں موجود ہے۔ کراچی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ خاتون اول آصفہ بھٹو نے انسداد پولیو مہم میں ساتھ دینے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی، ٹرمل پیچ پر جوے کے بڑا اڈہ چلنے کا انکشاف، 40 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان میں سٹہ آرگنائزر زبیدہ عرف ادیبہ بھی شامل ہے، ترجمان کیماڑی پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے ضلع کیماڑی کے علاقے ماری پور میں ٹرمل پیچ پر واقع ایک بہت بڑے جوے کے اڈے کا انکشاف ہوا ہے، جس پر پولیس نے کامیاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

پاکستانی قیادت کا ایران امریکا مذاکرات میں کردار قابل تحسین ہے، علامہ شہنشاہ حسین نقوی

پاکستان ایک اسلامی ریاست ہونے کے ناطے ہمیشہ امن اور استحکام کے فروغ میں مثبت کردار ادا کرتا رہا ہے، صدر جعفریہ الائنس کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ الائنس کے صدر علامہ شہنشاہ حسین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

چیئرمین PCB محسن نقوی اور آئی جی سندھ کی نیشنل اسٹیڈیم آمد، سیکورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے جنٹلمن بینک کرکٹ اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور جاری پی ایس ایل میچز کے سلسلے میں سکیورٹی انتظامات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

کراچی: میٹرک بورڈ کے سالانہ امتحانات کے دوران بجلی کی بندش اور موبائل سے بلیک کے مناظر

گزشتہ ہفتے کراچی میں انسداد جرائم کے دوران پولیس کے 36 مقابلے

7 ملزمان ہلاک 44 گرفتار

مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر تھیجی و چوری شدہ 41 موٹر سائیکلیں اور ایک بڑی گاڑی برآمد کی، جرائم کے خاتمے، امن وامان کی بحالی اور عوام کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات جاری رہیں گے، ترجمان پولیس

کراچی (رپورٹ بادرن انصاری) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات کے منظر پولیس کی انسداد جرائم کیخلاف کامیاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

جیکب آباد میں بلاول بھٹو کی آمد پر سیکورٹی کے سخت اقدامات

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد میں بلاول بھٹو زرداری کی آمد پر سیکورٹی کے سخت اقدامات 115 سے زائد ایکڑ تعینات، شہر کے مختلف علاقوں میں ناکے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

بلوچستان، افسران کی فیلڈ میں موجودگی جانچنے کیلئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا فیصلہ

ڈیجیٹل مانیٹرنگ نظام بتکاوتی کارکردگی موثر اور جوابدہ بنائی جائے گی، فیلڈ میں افسران کی موجودگی عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان میں افسران کی فیلڈ میں موجودگی جانچنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: وفاقی وزیر اعظم نعمان نقوی اور آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سپورٹس اسٹیڈیم کا دورہ کر رہے ہیں

ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات، وزیراعلیٰ کے پی کے پھر ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

عمران خان کی فوری رہائی خیبر پختونخوا کو خاص ہدایت

سہیل آفریدی کا اہم اعلان

تمام تر مظالم کے باوجود ثابت کریں گے کہ پی ٹی آئی پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے، 19 اپریل کو دنیا کو دکھائیں گے کہ عمران خان جیل میں ہونے کے باوجود بڑی سیاسی سرگرمی کر سکتے ہیں، مخالفین خصوصاً ڈیجیٹل پلیٹ فارمز چلانے والے جلسے کو ناکام بنانے کے لیے منفی پروپیگنڈا کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا اہم اعلان کر دیا، ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

صدر اردوان کی اسرائیل پر حملے سے متعلق خبر من گھڑت قرار

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کی اسرائیل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی؛ ٹارگٹڈ آپریشن میں 4 ملزمان گرفتار، لوٹ مار کا سامان برآمد

ملزمان اس سے قبل بھی مختلف جرائم میں گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پولیس کی شاہفیصل سیکٹر 30 اے کے علاقے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

ڈی ایچ اے کراچی میں شجرکاری مہم کا آغاز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی ایچ اے کراچی میں ماحول دوست درختوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ میڈیا سے خطاب کر رہے ہیں

ملک میں یہ ظلم کا نظام نہیں چل سکتا، علیم عادل شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت کے کراچی پریس کلب کے باہر مظاہرہ اور بینگا مہ آرائی کرنے کے مقدمے میں پی ٹی آئی سندھ کے صدر علیم عادل شیخ کی بھوری ضمانت میں 15 اپریل تک توسیع کر دی ہے۔ کوئیز ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی، مگنی کی تقریب میں فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی

زخمی شخص اپنے برادر نسبتی ولید کی منگنی کی تقریب میں شریک تھا، پولیس ج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محمد قاسم کے علاقے منظور کالونی ایف سیکٹر میوانی چوک کے قریب ایک ڈسپوسک واقعہ پیش آیا جہاں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص سر میں گولی لگنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

سرمایہ کاروں کا پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر اعتماد برقرار

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاری سہل اور آسان ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جنسی و شکل معاشی حالات کے باوجود اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھا ہے۔ ایس ای سی پی نے وحدت پولٹری فارم کے آئی پی او کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کراچی: گورنر سندھ سید کامران بجنگ ٹیسٹی سفیر اقلیتی امور کے موقع پر اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

مشرق وسطیٰ بحران کے باوجود صورتحال کو بہتر انداز میں سنبھالا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان نے مشرق وسطیٰ بحران کے باوجود صورتحال کو بہتر انداز میں سنبھالا۔ ہارورڈ یونی ورسٹی میں پاکستان کی معیشت پر اظہار خیال کی پینل ڈسکشن کا انعقاد ہوا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

خلیجی ممالک کے فضائی آپریشن میں بہتری، پروازوں میں نمایاں اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کے تناظر میں خلیجی ممالک کے فضائی آپریشن میں مسلسل بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے۔ ایئر پورٹ ذرائع کے مطابق امارات، کویت، بحرین، قطر اور سعودی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

کراچی سے اغوا کی گئی 15 سالہ لڑکی نوابشاہ سے بازیاب

15 سالہ اقصیٰ رواں سال 12 جنوری کو اتحاد ٹاؤن سے پراسرار طور پر لاپتہ ہوئی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے اتحاد ٹاؤن سے اغوا کی گئی 15 سالہ لڑکی کو اغوا کے بازیاب کرا لیا گیا۔ تفصیلات کے تحت نوابی میں سیاری انڈسٹریل کالونی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

میٹرک بورڈ سالانہ امتحانات: فرنیچر کی عدم دستیابی، بجلی کی بندش طلبہ کی موبائل سے نقل

کالا بورڈ کے ایک سرکاری اسکول میں قائم امتحانی مرکز میں فرنیچر کی عدم دستیابی پر طالبہ کی والدہ نے کہا کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم پر بھاری اخراجات کیلئے برداشت کر رہی ہیں، ذرائع

کراچی (رپورٹ ارشاد عالم) میٹرک بورڈ سالانہ امتحانات کے شدید رد عمل میں بلیک کی اسٹیٹ رہنے والے امتحانی مراکز میں طلبہ موبائل فون سے نقل کرتے رہے جبکہ فرنیچر کی عدم دستیابی کے باعث طلبہ نے زمین پر چٹائی بچھا کر چند بنچوں کی بندش بھی برقرار رکھی۔ قانون تعلیمی بورڈ کراچی کے تحت نوبی اور دسویں جماعت کے تیسرے روز جمع کی شفٹ میں حیاتیات کا پرچہ منعقد ہوا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

خانہ کعبہ کی تقدس اور خوب صورتی کیلئے اہم کام کا آغاز کر دیا گیا

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) روح پرور فضاؤں اور ایمان افروز لمحات کے درمیان بیت اللہ شریف کی خوبصورتی اور تقدس کو مزید محفوظ بنانے کے لیے اہم کام کا آغاز کر دیا گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

عوامی ریلیف سے متعلق وفاقی وزیر شہریار میمن کی کارکردگی کو سراہا

اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات نے دنیا بھر میں پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کر دیا، جبکہ بھارتی میڈیا اس پیش رفت پر واضح طور پر پریشان دکھائی دیا، حالیہ حالات کے بعد پاکستان کا عالمی وقار بلند ہوا ہے جبکہ بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات سندھ شہریار اعظم میمن نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے متعدد عملی اقدامات کر رہی ہے، جن کے مثبت اثرات سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مؤثر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی؛ اندھے قتل کا معمہ حل، بیوی، ساس، سالا اور دوست ملوث

ملزمہ شوہر کو راستے سے ہٹا کر شیزان سے شادی کرنا چاہتی تھی، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے کراچی کے علاقے خواجہ اجمیر نگر میں 33 سالہ نوجوان کے اندھے قتل کا معمہ 48 گھنٹوں میں حل کر لیا اور مبینہ طور پر بیوی، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کراچی؛ اتوار کو شہر میں گرم دن ریکارڈ، منگل سے درجہ حرارت میں کمی کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اتوار کو شہر میں گرم دن ریکارڈ ہوا۔ سمندری ہوائیں نہ ہونے کے سبب محسوس کی گئی، زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت گزشتہ روز کے مقابلے میں 3-7 ڈگری اضافے سے 5-39 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ امید جہد لغاری، چیف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

جشن عید میلاد النبی کے شہداء کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی محفل میلاد اور دعائیہ تقریب

سانحہ عید میلاد النبی نشتر پارک 2006 اور سانحہ مستوفی عید میلاد النبی 2022 کے شہداء اور زخمیوں کے لواحقین آج بھی انصاف کی امید پر نظریں جمائے بیٹھے ہیں، ثروت اعجاز قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کی جانب سے ملک بھر میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی ایئر پورٹ پر کینیڈا جانے والی فیملی سے 40 ہزار امریکی ڈالر برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سمنٹر کام نے کینیڈا جانے والے میاں بیوی سے 40 ہزار امریکی ڈالر (تقریباً سوا کروڑ روپے) برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں جناح انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر پاکستان سمنٹر نے غیر ملکی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

سونا عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سستا ہو گیا، چاندی کی قیمت بھی کم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہو گئی، جس کے ساتھ ساتھ چاندی بھی سستی ہو گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں کاروباری ہفتے کے پہلے دن فی اونس سونے کی قیمت میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

پولیو مہم، زونل افسران سیکورٹی انتظامات کی نگرانی یقینی بنائیں، کراچی پولیس چیف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں 13 سے 19 اپریل تک انسداد پولیو مہم کے لیے سکیورٹی پلان جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مہم کے دوران 7536 پولیس اہلکار، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: سربراہ پاکستان سنی تحریک علامہ ثروت اعجاز قادری پارک کے ایصال ثواب کے لیے دعا کر رہے ہیں

ایران امریکا مذاکرات کا اگلا دور جلد متوقع ہے، خواجہ آصف

ثبت پیش رفت سامنے آئی ہے، پاکستان میں مذاکرات پر بھارت میں بے چینی پائی جا رہی ہے اور مختلف ردعمل سامنے آ رہے ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ایران امریکا مذاکرات کا اگلا دور جلد متوقع ہے، مثبت پیش رفت سامنے آ رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

کورنگی شاہ فیصل پل ڈاکوؤں کی چیک پوسٹ بن گیا، راجہ اظہر

ڈکیتی کے واقعات کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیوز نے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے، صدر پی ٹی آئی کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے صدر راجا اظہر نے کہا ہے کہ کورنگی شاہ فیصل کالونی پل سندھ حکومت کی نااہلی کے باعث باقاعدہ ڈاکوؤں کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

میر پور خاص، میڈیکل طالبہ کی خودکشی وہراسانی کا مقدمہ، ایک اور ملزم گرفتار

عدالت نے ملزم کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا، کیس میں 2 ملزمان گرفتار، 2 ضمانت پر اور ایک روپوش ہے، پولیس حکام

میر پور خاص (اسٹاف رپورٹر) میر پور خاص میں میڈیکل طالبہ کی خودکشی و ہراسانی کے مقدمے میں پولیس نے ایک اور ملزم کو گرفتار کر لیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

کراچی، ڈپٹی کمشنرز کو معذور کوٹہ پر تمام اسامیوں پر بھرتیاں کرنے کا حکم

معذور کوٹہ پر خالی اسامیاں خالی نہیں پر کی جائیں، جس کے بعد آئینی پیغام نے درخواستیں نمٹا دیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی پیغام نے کراچی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

دادو میں گندم چوری کا بڑا اسکینڈل بے نقاب

ہزاروں بوریاں غائب کروڑوں کی کرپشن

اسسٹنٹ کمشنر کے دورے کے دوران، گندم خرید و کی شکایات پر معاملہ بے نقاب ہوا۔ تحقیقات میں ضلع کے مختلف اناج مراکز پر بھی گندم چوری کے شواہد ملے، جبکہ محکمہ خوراک کے ضلعی آفیسر کے کمپ آفس سے بھی ہزاروں بوریاں غائب ہونے کا انکشاف ہوا، ذرائع

دادو (انٹرنیٹ ڈیسک) دادو میں گندم چوری کا بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا، جہاں ہزاروں گندم کی بوریاں چوری اور ناکارہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

پنگرو میں 60 سالہ معمر خاتون پانی کے تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

ہنگرو (اسٹاف رپورٹر) ہنگرو کے نواحی گاؤں پنوں خان کھوسو میں 60 سالہ معمر خاتون محترمہ زوجہ دلی محمد کھوسو پانی کے تالاب میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئیں۔ اہل خانہ کے مطابق متوفیہ کا ذہنی توازن درست نہیں تھا، جس کے باعث وہ گھر کے قریب موجود پانی سے بھرے گڑھے میں جا گریں اور ڈوبنے سے ان کی موت واقع ہو گئی۔ واقع کے بعد ورثا نے خاتون کا تالاب سے نکال کر اسپتال منتقل کیا۔

صنعت کاروں اور تاجروں کا اعتماد بحال کرنا اولین ترجیح ہے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ حکومت سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری ماحول کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے جبکہ صنعتکاروں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

بجلی کے بلوں میں سلیب سسٹم کے نفاذ کیخلاف درخواست سماعت کے لیے مقرر

لاہور (بیورو رپورٹ) ہائیکورٹ نے بجلی بلوں میں سلیب سسٹم کے نفاذ کے خلاف دائر درخواست کو یا قاعدہ سماعت کے لیے منظور کر لیا۔ عدالت نے درخواست پر اپنا اسٹیت دیگر فریقین سے جواب طلب کر لیا ہے کہ عدالت کی کہ تاثاثا جائے سلیب سسٹم کس قانون کے تحت نافذ کیا گیا۔ اشیا کا عوامی درخواست پر ابتدائی سماعت جسٹس خالد اسحاق نے کی۔

رجب بٹ نئی مشکل میں پھنس گئے، خاتون سے زیادتی کیس میں فرد جرم کی تاریخ مقرر

ملزمان نے گھر بلوا کر زیادتی کا نشانہ بنایا، ملزمان میں رجب بٹ، جہانگیر، جواد علی اور عبدالرحمان شامل ہیں، متاثرہ خاتون کا الزام

لاہور (بیورو رپورٹ) رجب بٹ اور دوسروں کے خلاف زیادتی کیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

اے این ایف کا تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک بھر میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن

اسلام آباد میں گاڑی سے 6 کلو چرس برآمد کر کے دو خواتین سمیت پانچ ملزمان گرفتار، موٹر وے ٹول پلازہ پشاور کے قریب ایک مسافر کے قبضے سے 2 کلوگرام چرس برآمد ہوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اینٹی نارکوٹکس فورس نے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے کوکورا نوٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

کراچی: پاکستان سپر لیگ کے دوران پشاور زلمی اور ملتان سلطانز کے مابین میچ کے مختلف مناظر (تصاویر: نامسرغان)

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر سید علی منصور
چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یڈیز III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

اندھے قتل کا صرف 48 گھنٹوں میں حل کر نیوالی پولیس ٹیم کو تعریفی اسناد اور نقد انعام سے نوازا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) تھانہ خواجہ اجمیر نگری پولیس کی جانب سے اندھے قتل کے سنگین مقدمے کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران و جوانوں کو تعریفی اسناد اور نقد انعام سے نوازا۔ اس موقع پر پولیس افسران و اہلکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ٹیم کی پیشہ ورانہ مہارت، انتھک محنت اور چند فرض شناسی کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ سنگین جرائم کے فوری سراغ میں اسی طرح کی مدد اور مربوط کارروائیاں نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے اور بھرپور تفتیشی تقاضوں کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کو انصاف کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے۔

ڈاکٹر فاروق ستار کا کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقدہ گوجرانوالہ ایکسپو 2026 کا دورہ

شہر قائد میں کیس کا بحران سنگین، عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا

ایم کیو ایم

کیس نہیں تو بل کیوں؟ ہماری بھرم کو بھی اداکیا جائے ہر دو چولہے ٹھنڈے، گھریلو صارفین شدید ذہنی کرب کا شکار ادارے کی بدنیتی نے شیڈول کو بھی مذاق بنا دیا ہے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں کیس کی ناپابی نے سنگین انسانی المیے کی صورت اختیار کر لی ہے شہر کے طول و عرض میں کیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کے باعث گھریلو صارفین مطلوبہ گیس کو ترس گئے ہیں۔ اس صورتحال پر شہریوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔ اس صورتحال پر شہریوں کے صبر کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے اراکین سندھ اسمبلی نے اسی حلقہ ادارے کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرے میں سب نے زیادہ ضرورت ہوتی ہے پانیوں میں کیس کا نام و نشان نہیں ہوتا ہے صورتحال ثابت کرتی ہے کہ ادارے کے اندر بیٹھے کالی بھیڑیں جان بوجھ کر کراچی کے حالات خراب کرنے پر تلے ہوئے ہیں، ایم کیو ایم کے اراکین سندھ اسمبلی نے متنبہ کیا کہ عوامی حقوق پر کھلم کھلا ڈاکہ ہے کراچی پورے ملک کا پیٹ پالتا ہے لیکن آج اس کے اپنے چولہے ٹھنڈے ضرورت کی فراہمی معذور ہو چکی ہے، صارفین ذہنی کرب میں مبتلا ہیں کہ دیہی کے لیے کھانا پکا لیں یا ان بھاری بلوں کی ادائیگی کے لیے ادھار لیں، بیان میں مزید کہا گیا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے جاری کردہ گیس کی فراہمی کا شیڈول محض ایک دھوکہ ثابت ہوا ہے صبح دوپہر اور رات کے اوقات میں جب کھانے کی تیاری کے لیے گیس کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے پائپوں میں گیس کا نام و نشان نہیں ہوتا ہے صورتحال ثابت کرتی ہے کہ ادارے کے اندر بیٹھے کالی بھیڑیں جان بوجھ کر کراچی کے حالات خراب کرنے پر تلے ہوئے ہیں، ایم کیو ایم کے اراکین سندھ اسمبلی نے متنبہ کیا کہ عوامی حقوق پر کھلم کھلا ڈاکہ ہے کراچی پورے ملک کا پیٹ پالتا ہے لیکن آج اس کے اپنے چولہے ٹھنڈے

ایس ایس پی سید علی حسن نے لیاری کے مختلف علاقوں میں پولیو سینٹرز کا دورہ

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سٹی کے ایس ایس پی سید علی حسن نے لیاری کے مختلف علاقوں میں پولیو سینٹرز کا دورہ کیا اور میڈیکل آفیسر سے ملاقات کی۔ پولیو ٹیم کے حوالے سے ڈسٹرکٹ سٹی پولیس کی جانب سے 785 افسران و جوانان سکیورٹی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے ہمہ وقت پولیو ٹیموں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنا رہے ہیں۔ قانون و امن کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ سٹی پولیس وقتاً فوقتاً علاقوں میں پٹرولنگ کر رہی ہے۔

سچل پولیس کی کارروائی، گٹکا ماوا سپلائی کرنے والے 2 ملزمان گرفتار



کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایسٹ کے تھانہ گل پلازہ پولیس نے گٹکا ماوا کی سپلائی و فروخت میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کی شناخت محمد قاسم اور محمد شیراز کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزمان کے قبضے سے 40 پیکٹ مجموع پرائس گٹکا اور چار قطعے مرمر سمت گٹکا ماوا برآمد کر لیے گئے۔ ملزمان کے خلاف سندھ گٹکا ماوا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمان کا سماجی مجرمانہ ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے جبکہ فرار ساتھی ملزم کی تلاش جاری ہے۔

ایس ایس پی ملیر کا سپر پرائز دورہ، اسٹریٹ کرائمز کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا حکم

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر قائد میں جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس کی سرگرمیاں تیز کر دی گئی ہیں جہاں ایس ایس پی ملیر ڈاکٹر عبدالخالق نے تھانہ شرافی گوٹھ کی حدود میں اچانک سرپرائز دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے شاہ فیصل برج، شارع بھٹو اور اطراف کے علاقوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور شرافی گوٹھ میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایس ایس پی ملیر نے موقع پر موجود ایس ایچ او سے سکیورٹی صورتحال اور نفری کی تعیناتی پر تفصیلی بریفنگ لی اور پولیس اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا۔ انہوں نے ہدایت جاری کی کہ جرائم کے خاتمے کے لیے کیا جانے والا کریک ڈاؤن کسی کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور اس مقصد میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈاکٹر عبدالخالق نے واضح کیا کہ اسٹریٹ کرائمز میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، جبکہ ملزمان کی فوری گرفتاری کے لیے مؤثر کریک ڈاؤن شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں کو چوکس اور مستعد رہنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ فرائض میں غفلت یا لاپرواہی کی صورت میں سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

مدد گار 15 اور سپر مارکیٹ پولیس کی بروقت ایکشن، نالے میں ڈوبنے والی بزرگ خاتون کو بچا لیا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس کی مدد گار 15 اور سپر مارکیٹ ٹیم نے بروقت ایکشن لیتے ہوئے نالے میں ڈوب کر کئی گھنٹے سے پھنسی ہوئی بزرگ خاتون کو بچا لیا۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ڈاکٹر محمد عمران خان کے مطابق پولیس کنٹرول پر اطلاع ملی کہ ایک خاتون سے بے آری ہے۔ بعد میں بتایا گیا کہ کوثی خاتون سے بوہی اپنے کے ساتھ رہتی ہے۔ سپر مارکیٹ کی 15 مددگار کریم فوری طور پر تین بتی بلوچ پاڑہ کے پاس پہنچی جہاں بزرگ خاتون لیاری ایکسپریس وے کے پیچھے پہنچ چکی تھی۔ مددگار اور تھانے کی ٹیم نے فوری طور پر خاتون کو پانی سے باہر نکال کر تھانے منتقل کر دیا۔ خوش قسمتی سے بزرگ خاتون کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ 55 سالہ زکیہ جان ہجرت کالونی کی رہائشی ہیں اور آج ان کا شوہر سے جھگڑا ہوا تھا جس کے بعد انہوں نے ندی میں چھلانگ لگا دی۔ خاتون بالکل خیریت سے ہیں، مزید قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔

عوام دوست مویشی منڈی میں 2 ہزار سے زائد جانور پہنچ گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ناردرن بائی پاس عوام دوست منڈی کا آغاز روز، بلوچستان کے شہر پسنی، پنجاب کے ضلع رحیم یار خان، سندھ کے ضلع جیکب آباد اور ٹھاری کے بعد کراچی کے کورنگی منڈی پہنچ چکے ہیں تفصیل کے مطابق ناردرن بائی پاس عوام دوست منڈی میں ملک بھر سے قربانی کے جانوروں کی آمد کا سلسلہ جاری، ایڈمنسٹریٹر طارق تنولی کا کہنا تھا کہ رحیم یار خان، شیخو پورہ، جیکب آباد، بہاولپور اور کراچی سمیت ملک بھر سے آنے والے قربانی کے جانوروں کی تعداد اس وقت 2 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے، عوام دوست مویشی منڈی کے ہر بلاک میں مکمل سکیورٹی کا انتظام کیا گیا ہے، 24 گھنٹے جانوروں کو پانی کی سپلائی کے لیے ورکرز الرٹ ہیں، واٹر سپلائی کیلئے ٹینکر لگائے گئے ہیں، جانوروں کو مکمل پانی کی فراہمی کے لیے ایک ہزار کنٹین کے بیفکرز بھی موجود ہیں جو خلق بلاک میں بیوپاریوں اور قربانی کے جانوروں کو بروز کی بنیاد پر پانی کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں، مینجیر واٹر سپلائی بتایا کہ کچھ لمحے جانور کو روزانہ کی بنیاد پر 8 لیٹر اور بڑے جانور 30 لیٹر پانی مفت فراہم کیا جا رہا ہے، بیوپاری اپنے جانوروں سے کارڈ آویزاں کرتے ہے اسی تعداد کے حساب سے پانی فراہم کرتے ہیں ہمارے پاس پانی کی کوئی قلت نہیں ہے۔

ڈی آئی جی ایسٹ زون کا انسداد پولیو مہم کیلئے فول پروف سیکورٹی کے احکامات جاری

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی ایسٹ زون ڈاکٹر کرنل علی رضا نے ضروری ہونے والی انسداد پولیو مہم کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کے حوالے سے اہم احکامات جاری کر دیے ہیں۔ ایسٹ زون کے تیئیں اضلاع میں 13 اپریل سے 16 اپریل تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کی نگرانی کی تیعاتی اور حساس علاقوں میں پولیو ٹیموں کی آسان رسائی یقینی ایس ایس پی ایسٹ خصوصی توجہ دیں۔ ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او موجودہ وقتی حالات کے تناظر میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوران سکیورٹی آرڈر برقرار رکھنے کے مقدمہ کرائمس کا کسی نا خوشگوار واقعے سے محفوظ رہا جا سکے۔ تمام افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ مہم کی کامیابی کے لیے ٹیموں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کی ذمہ داری پوری کی جائے۔ ایس ایچ او و پیٹرو افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ مہم کے دوران تمام پوائنٹس اور پولیو ٹیموں کے علاقے میں پیٹرولنگ کریں گے۔ ہر افسر و جوان انسداد پولیو مہم کے اختتام تک پولیو ٹیموں کے ساتھ رہیں گے اور ایمرجنسی ڈیوٹی پر موجود رہیں گے۔ ایس ڈی پی او کو ہدایت دی گئی ہے کہ اسٹیشن میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی اور محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جا سکے گی۔

پاکستانی سینما کی بحالی، "فلم آگ لگے بستی میں" کی باکس آفس پر دھوم اور بدلتے رجحانات

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان فلم انڈسٹری کے لیے موجودہ سال ایک اہم سنگ میل کو آپا ہے۔ فلم آگ لگے بستی میں نے ریلیز کے پانچویں ہفتے میں داخل ہونے کے باوجود بینا کمائی کر کے باکس آفس پر اپنی برتری برقرار رکھی ہے۔ سید ریلیز کے بعد سے ہی فلم نے اب تک 40 سے 50 کروڑ روپے کا بزنس کر لیا ہے، جو کہ ایک بڑی کامیابی ہے۔ کراچی اور دیگر شہروں کے سنیما گھروں میں رات کے شو کرنے بال بھی جا رہے ہیں، جو اس بات کی علامت ہے کہ عوام نے ایک طویل عرصے بعد پاکستانی ماحول کو پسند کیا ہے۔ کنٹلو کے ڈائریکٹر ہیں اور اس فلم میں نادرن ڈرامہ اور ایکشن کا امتزاج دیکھنے کو ملا ہے۔ فلم کی کہانی ایک ایسے نوجوان کے گرد گھومتی ہے جو اپنے والد کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے واپس آتا ہے اور اپنے علاقے کے طاقتور جاگیردار کے خلاف کھڑا ہو جاتا ہے۔ فلم کی کہانی میں دیہی ماحول، روایتی دشمنی اور انصاف کی جدوجہد کو بڑی خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہے۔ فلم کی کامیابی کے اسباب پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ آفتاب خان کے مطابق فلم آگ لگے بستی میں، انہوں نے اپنی پہلی ہی فلم میں "ہلو" کا کردار ادا کر کے ایک بڑا چانس لیا ہے جو بارہ جاری ہے۔ سید پروڈیوسر ہیں اور اسی فلم سے انہوں نے اپنی پروڈکشن کا آغاز کیا ہے۔ فلم کی بیوٹی اور ایکشن سین کو بہت سراہا گیا ہے۔ فلم کی کامیابی کا سہرا ڈائریکٹر کو جاتا ہے جنہوں نے اپنی پہلی فلم میں ایک بڑا چانس لیا ہے اور اپنی صلاحیتوں کو منوایا ہے۔

ناظم آباد پاپوش میں شارٹ سرکٹ کے باعث اسکول وین میں آگ لگ گئی، بچے محفوظ رہے

کراچی (کرائم رپورٹر) پاپوش نگر میں اسکول میں آتشزدگی کے دوران اسکول وین مکمل خاکستر ہو گئی، آتشزدگی پر قابو پانے کے دوران اسکول وین کا ڈرائیور معمولی جھلس گیا۔ مطابق پاپوش نگر تھانے کے علاقے پاپوش نگر سیکٹر ایف ایٹ میں واقع معروف آئیڈیم کے اسکول وین میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کر لی۔ اسکول وین میں موجود اسکول وین کا ڈرائیور معمولی جھلس گئے جنہیں فوری طور پر پاپوش نگر تھانے کے تحت آگ پر قابو پایا۔ اس دوران اسکول وین میں عمل خاکستر ہو گئی۔ آتشزدگی کے دوران اسکول وین میں بیٹھے سے تقریب کھڑی کیا گیا تھا جس کو پہلا پانچ بچے محفوظ رہے۔ فوری طور پر اسکول وین میں آگ لگنے کی وجہ معلوم نہ ہو سکی۔

درخشاں پولیس کی فحاشی کے اڈوں کیخلاف کامیاب کارروائیاں، 13 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ ساؤتھ کے تھانہ درخشاں پولیس نے خفیہ اطلاعات پر دو مختلف جگہوں پر چھاپے مار کر فحاشی کے اڈوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں کی۔ کارروائیاں ڈی آئی اے فیز 2 بلاک اور کمرشل ایریا میں واقع اسٹریٹ 12 اور 4 میں کی گئیں۔ کارروائیوں کے دوران پولیس نے موقع پر موجود متعدد مرد و خواتین کو گرفتار کر لیا جو بدستور طور پر غیر اخلاقی و فحش سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے۔ گرفتار مرد ملزمان میں رائس، بجیر، خورشید علی خان، نعیم، عادل، محمد حمزہ، سلمان اور شاہنور شامل ہیں جبکہ خواتین ملزمان میں فاری خان، زویا، عالیہ، سمیرا اور بانیہ شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات نمبر 246/2026 اور 247/2026 بجرم 294/34 تعزیرات پاکستان تھانہ درخشاں میں درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

زمان ٹاؤن پولیس کی کامیاب کارروائی، بدنام گٹکا ماوا فروش گرفتار، 200 پیکٹ گٹکا اور 20 کلو چھالیہ برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی ایسٹ زون اور ایس ایس پی کورنگی کے احکامات کے تحت تھانہ زمان ٹاؤن پولیس نے خفیہ اطلاع پر گٹکا ماوا کی کارروائی کرتے ہوئے بدنام گٹکا ماوا فروش ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کا نام اے ایس ٹی کلیٹی آئی آر اسٹ میں شامل ہے۔ گرفتار ملزم کی شناخت محمد عاقم ولد سلطان احمد کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کے قبضے سے 200 پیکٹ گٹکا ماوا، 20 کلو چھالیہ، پیکنگ رجز، سفید چونا اور 12 پیکٹ واجا پتی برآمد کر لی گئی۔ ملزم کے خلاف قانون زمان ٹاؤن میں گٹکا ماوا ایکٹ 2026/386 بجرم دفعہ 8(i) گٹکا ماوا ایکٹ کے تحت درج کر کے ملزم کو مزید تفتیش کے لیے شہید ملت کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

جے یو آئی کا 14 مئی کو کراچی غربی میں جلسہ عام کا اعلان، کارکنان تیاریاں تیز کریں، علامہ راشد محمود سومرو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام سوبہ سندھ کے تحت کراچی ڈویژن کے تمام اضلاع کے امراء اور ناظم عمومی کا ایک اہم مشترکہ اجلاس جامعہ مصباح العلوم محمود آباد میں منعقد ہوا۔ کراچی ڈویژن کے صوبائی نائب امیر قاری عبدالرحمان کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے خصوصی شرکت کی اور شرکا کو اجلاس کے ایجنڈے سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں کراچی ڈویژن میں موجود صوبائی کیبنٹ علامہ کے معزز اراکین سمیت مختلف اضلاع کے ذمہ داران نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالقیوم نعمانی، مولانا محمد غیرت، مولانا حماد اللہ شاہ، سمیع الحق سواتی، مفتی قمر الزمان، مولانا احسان اللہ قمری، مولانا عبدالرشید نعمانی، مفتی محمد خالد، سید اکبر شاہ بیگ، قاری فضل الرحمان عابد، قاری گلہ شیر مینگل، قاری حسید حسین زئی، مولانا ابصل شاہ زیاری، مولانا خلیب شاہ، مولانا نصیر اللہ، بشیر زئی، مولانا محمد بلال، نیک امان اللہ مسعود، عزیز اللہ خیر، محمد رشان نے شرکت کی۔ علامہ ازیس طیفہ، علامہ راشد محمود سومرو نے اجلاس اضلاع کے ذمہ داران راشد محمود لغاری کی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں تنظیمی امور، موجودہ ملکی و سیاسی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں طویل مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ 14 مئی 2026 بروز جمعرات تمام 4 پیٹھے غربی کراچی میں ایک بڑا عوامی جلسہ عام منعقد کیا جائے گا، جس میں جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا اسعد محمود بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے بھرپور عوامی رابطہ مہم چلائی جائے گی اور کراچی بھر سے کارکنان کی بڑی تعداد کو شرکت کیا جائے گا تاکہ عوامی قوت کا بھرپور مظاہرہ کیا جا سکے۔

انویسٹی گیشن ایسٹ کی گزشتہ ہفتے کی کامیاب کارروائیاں، 22 مطلوب اور 15 اشتہاری ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن ایسٹ محمد طاہر سدوزئی کی زیر نگرانی انویسٹی گیشن ایسٹ کے تمام تھانہ جات کی تفتیشی ٹیموں نے گزشتہ ہفتہ 6 اپریل سے 12 اپریل 2026 کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سنگین جرائم سمیت دیگر متعدد جرائم میں ملوث، مطلوب، مفرور اور اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا، مفرور کو بازیاب کروایا اور گرفتار ملزمان کے معزز اراکین کے وجود و شناخت پریڈ منعقد کیں۔ بقدوار کارکردگی کے اعداد و شمار کے مطابق سنگین اور دیگر متعلق جرائم میں مطلوب 22 ملزمان، مفرور اور اشتہاری 15 ملزمان اور 20 عادی مجرمان کو گرفتار کیا گیا۔ اس کے علاوہ 4 مفرورین کو بازیاب کروایا گیا اور 19 لاکھ 80 ہزار روپے برآمد کیے گئے۔ گرفتار ملزمان کی جو شناخت پریڈ منعقد کی گئیں، ایس ایس پی نے بہترین کارکردگی دکھانے والے تھانہ جات تفتیشی کے ایس ایچ او اور تفتیشی ٹیموں کو حوصلہ افزائی کی جبکہ کم کارکردگی دکھانے والے تھانہ جات کے ایس ایچ او اور تفتیشی ٹیموں کو سخت ہدایات دیتے ہوئے کارکردگی کو بہتر بنانے کی تلقین کی۔

عالمی برادری انصاف کا پرچم بلند کرے نسل کشی جیسے انتہائی خطرناک جرائم سے اسرائیل کو روکنا ہوگا، سربراہ سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاہ رضا تشفیری نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں اس کیفیت تبدیلی اپنا کردار ادا کر رہا ہے، پاکستان کی بڑھتی ہوئی حیثیت سے بھارتی حکومت اور میڈیا خفرو دہ ہے، پاکستان دنیا کے بااثر ممالک میں ہے جو دنیا میں پائیدار امن کی جدوجہد میں مصروف ہے، امریکی و اسرائیلی سربراہان انسانیت دشمن سازشوں اور پالیسیوں سے بازآجائیں، اسرائیل کی فلسطینیوں کی نسل کشی پر عالمی برادری کو ضمیر جگانا ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے فلسطین میں نہتے اور کھلے آسمان کے نیچے زندگی بسر کرنیوالوں پر اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا۔ شاہ رضا تشفیری نے کہا کہ موجودہ حالات میں میڈیا کی ذمہ داری ہے کہ سچے پیغمبروں سمیت دنیا کو بیوبنیادی اشیاء کی قیمتوں کو قابو میں رکھا جائے، انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام متحد ہیں اور اتحاد و یکجہتی کی طاقت سے دشمن قوتوں کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے بیدار ہیں، ملک کی سلامتی و دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگے، اشاء اللہ ملک دشمن قوتوں کو ہرجانا و ناکامی اور عبرت کا شکست ہوگی۔

بوہرا کمیونٹی کا واشین 99 منصوبے پر بھرپور اعتماد، کراچی میں شاندار ڈنر تقریب کا اہتمام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) واشین 99 کو دادی بوہرا کمیونٹی کے جانب سے اپنی پروجیکٹ سائٹ پر ایک شاندار مشاعرے کا اہتمام کیا گیا جس میں کمیونٹی کی بھرپور شرکت دیکھنے میں آئی۔ تقریب مکمل طور پر باحیا شی بنگلہ موقع پر بہت ہی مہماں نے ایک ڈرامہ بھوری کلاں بھی کرائی۔ واشین 33 کے پروجیکٹ سائٹ پر تقریب کو خوبصورتی سے سجایا گیا جہاں مہماں کے استقبال کے لیے ریڈ کارپٹ بھی بچھایا گیا تھا، جس نے ماحول کو مزید پرکشش بنا دیا۔ مشاعرے کی میزبانی واشین 99 کے چیفٹن ناظر زاہد انور بس کھاری کوٹھاری نے کی، جنہوں نے تقریب کا آغاز روایتی دعا سے کیا۔ جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ اور بس نے کی، جنہوں نے تقریب کا آغاز روایتی دعا سے کیا۔ جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ اور بس کوٹھاری نے خیر میکرز کو تقریر کے ہمراہ ملی میڈیا پریزنٹیشن کے ذریعے منصوبے کی خصوصیات، جدید سہولیات اور خصوصی انٹرنیٹ بریکنگ ڈی۔ بار کیٹنگ سمیت مستقبل کے منصوبوں کو خیر مقدم کرتے ہوئے دعوتی بوہرا کمیونٹی کا اعتماد حاصل ہونے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ایک مستقل اور کاروباری سوچ رکھنے والی کمیونٹی کا اعتماد اس منصوبے کی کامیابی کا مظہر ہے۔ اسی ای او واشین 99، سمیر جالیا والا نے شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے معیاری طرز زندگی کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ منصوبہ معیار اور بروقت تکمیل کے عزم کا عکاس ہے۔ پریزنٹیشن کے بعد بڑی تعداد میں مہمان بنگلہ ٹم پہنچے جہاں انہوں نے اپنی پسند کے فلیٹس کی رجسٹریشن اور بنگلہ کروائی، جو کہ خیبر معمولی دلچسپی اور اعتماد کی عکاسی ہے۔ تقریب کے اختتام مہماں کے لیے پرتکلف عشاء کے پروجیکٹ سائٹ پر تقریب کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ دادی بوہرا کمیونٹی کی بزرگ خاتون کی موجودگی نے تقریب کو مزید پرخلوص اور یادگار بنا دیا۔ اس موقع پر واشین 99 کے ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ایم ایس ایم ایس ایم ایس

بقیہ روزنامہ تشکر 1

رہی ہے کیونکہ اس سے قطبی میں مزید عدم استحکام پیدا ہو سکتا ہے۔ دوسری جانب ایران کے پاسداران انقلاب نے دھمکی دیا ہے کہ اگر اسرائیل نے آج کے بعد کسی تیل کے کنوئیں پر حملہ کیا تو وہ اس کے تیل کے کنوئیں پر حملہ کرے گا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل پر لکھا کہ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات کے دوران ایران کو بھاری نقصان پہنچا ہے اور اس کی فوجی صلاحیت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایران کو اب ایک نئے سرے سے آغاز کرنا ہوگا اور اس کے لیے بہت کچھ کرنا ہوگا۔ ٹرمپ کے مطابق ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کو بند کرنا ایک بلیک میلنگ کی کوشش تھی جو اب ناکام ہو چکی ہے۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران کو اب آبنائے ہرمز کو کھولنا ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ اسے ایٹمی ہتھیار کے حصول کی کوشش کو بھی ترک کرنا ہوگا۔ ٹرمپ کے مطابق ایران کو اب ایک نئے سرے سے آغاز کرنا ہوگا اور اس کے لیے بہت کچھ کرنا ہوگا۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ